میں آپ قرآن مجید کی انگریزی اور اردو تفسیر سے فارغ ہونے کے بعد قرآن مجید سے متعلق مختلف عنوانات پر الگ الگ رسالے شائع کر رہے ہیں۔ یہ رسالہ اس سلسلہ کی تیسری کڑی ہے۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس رسالہ میں ان انسانی اور غیر انسانی شخصیتوں کا مختصر تذکرہ ہے جن کا ذکر قرآن میں ہے اور اس تذکرہ کی حیثیت ان نوٹوں کی سی ہے جو کوئی استاد کلاس میں طلبا کو لکھا دیتا ہے۔ مولانا نے ان نوٹوں کی ترتیب میں شخصیتوں کے متعلق وہ تمام معلومات یکجا کر دی ہیں جو قرآن میں مختلف مقامات پر بکھری ہوئی ہیں۔ ان کے علاوہ ان کے متعلق کتب قدیمہ میں جو کچھ مواد ملتا ہے اس کو بھی حتی الوسع درج کر دیا ہے۔ اس بنا پر قرآن مجید کے طلبا کے لیے اس کا مطالعہ مفید ہوگا۔ افسوس ہے کہ کتاب میں تصحیح کا اہتمام خاطر خواہ نہیں کیا گیا۔ کتابت وطباعت کی غلطیاں جگہ جگہ رہ گئی ہیں۔

خطبات منتخبہ :- از:- مولانا محمد جمیل بجنوری۔ تقطیع متوسط۔ ضخامت ۱۱۹ صفحے۔ کتابت وطباعت بہتر۔ قیمت مجلد ایک روپیہ چودہ آنے۔ پتہ:- علمی مرکز۔ حبیب والا۔ ضلع بجنور۔

اس کتاب میں آنحضرتؐ اور صحابۂ کرام اور چند علماء کے وہ عربی خطبات یکجا کر دیئے گئے ہیں جو عید، بقرعید یا دوسرے مواقع پر پڑھے گئے تھے۔ جہاں تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام کے خطبات کا تعلق ہے تو اس سے انکار نہیں ہو سکتا کہ یہ خطبات جہاں فن خطابت کا شاہکار اور زبان وبیان کے اعتبار سے بے حد فصیح وبلیغ ہیں ساتھ ہی علم وحکمت کا گنجینہ ہیں۔ ان کا پڑھنا اور پڑھانا دونوں کارِ ثواب ہیں۔ ان خطبات کے علاوہ جو اور خطبات ہیں وہ اگرچہ معنوی اعتبار سے ایک دوسرے سے بہت قریب ہیں تاہم ان کی افادیت سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا۔ یہ کتاب اس لائق ہے کہ عربی ادب کے ابتدائی نصاب میں داخل کی جائے تاکہ ہم خرما وہم ثواب کا مصداق ہو۔

معارف القرآن :- از:- مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی۔ تقطیع متوسط۔ ضخامت ۲۰۰ صفحات کتابت طباعت غنیمت۔ قیمت مجلد تین روپے آٹھ آنے۔ پتہ:- دار الاشاعت والتبلیغ شمس آباد۔ ضلع اٹک

لائق مصنف پاکستان کے مشہور اور صاحب تصنیف عالم اور فاضل ہیں۔ قرآن مجید کا خاص ذوق رکھتے ہیں۔ چنانچہ اس سلسلہ میں متعدد مفید کتابیں شائع کر چکے ہیں۔ یہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اس میں علم